این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

Shiko këtë dokument në shqip | عرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথিটি বাংলা ভাষায় দেখুন
查看本文件的简体中文版本 | 查看本文件的繁體字中文版本 | Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an Kreyòl ayisyen
이 문서를 한국어로 보십시오 | Документ на русском языке | Consulte este documento en español
Переглянути цей документ українською мовою | اس دستاویز کو اردو میں ملاحظہ کریں | Ushbu hujjatni ichida ko'ring O'zbek

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

2026 اپریل

یہ دستاویز اہل خانہ کو سمر رائزنگ کی پیشکشوں، داخلے کی تازہ ترین معلومات، NYC اسکول سروے، ایک نئے خودکار لسانی معاون اور اپریل کی تقریبات کے بارے میں تجدید کردہ معلومات فراہم کر رہا ہے۔

مندرجات

- خودکار لسانی معاون
- اپریل تقریبات اور یاد دہانیاں
- سمر رائزنگ 2026 پیشکشیں
- داخلوں کی اہم تاریخیں
- **2026 NYC** اسکول سروے

سمر رائزنگ کے نتائج

منگل، 21 اپریل سے جن خاندانوں نے 27 مارچ کی آخری تاریخ تک **Summer Rising** کی درخواستیں جمع کروائی ہیں **MySchools.nyc** پر جاکر اپنے نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ **سمر رائزنگ نشستیں محدود ہیں** —برائے مہربانی اپنے بچے کی پیشکش صرف اس صورت میں قبول کریں اگر آپ کا بچہ اس موسم گرما میں اپنے شیڈول کردہ پروگرام میں زیادہ تر شرکت کرے گا۔ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ طلباء کے زیادہ حاضر ہونے سے، خزاں میں ریاضی اور مطالعہ میں ان کی کامیاب ہونے کے لیے بہتر تیاری ہوگی۔

سمر رائزنگ پیشکشوں کو قبول یا رد کرنے کی آخری تاریخ منگل، 5 مئی ہے—اگر قبول ہے، کسی بھی مطلوبہ سوالات کے جواب دینا یقینی بنائیں تاکہ اپنے بچے کی نشست محفوظ کرنا یقینی بنایا جا سکے! جب تک اہل خانہ اپنی پیشکش کو قبول نہیں کرتے سمر رائزنگ میں تقرری کی تصدیق نہیں کی جائے گی؛ **آپ کے بچے کا خودکار طور پر اندراج نہیں ہوگا۔** کسی پیشکش کو قبول کرنے سے آپ کے بچے کے لیے بعد میں منتظرین کی فہرست سے ایک دوسری پیشکش موصول ہونے کے مواقع متاثر نہیں ہوں گے۔

داخلوں کی اہم تاریخیں

اپر گریڈ قابل اور ہنرمند (G&T) درخواست کا دورانیہ 20 اپریل کو کھلے گا

G&T پروگرامز شہر میں الیمنٹری اسکول کے اہل طلبا کے لیے تیز رفتار تعلیم کی پیشکش کرتے ہیں۔ آگر آپ کا بچہ تعلیمی سال 2026-27 کے دوران 1،2،3 یا 4 گریڈ میں ہوگا اور رپورٹ کارڈ گریڈز کی مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں، وہ خزاں 2026 کے لیے **MySchools.nyc** کے ذریعے G&T داخلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اہلیت کے حامل طلباء کے اہل خانہ ای میل اور / یا ڈاک کے ذریعے ایک خط میں G&T کے لیے درخواست دینے کی دعوت موصول کریں گے۔ درخواستیں **جمعہ، 8 مئی** کو بند ہو جائیں گی۔ **schools.nyc.gov/GT** پر مزید جانیں اور اپنی رابطہ معلومات کی تصدیق **MySchools.nyc** پر کریں۔

کنڈرگارٹن اور مڈل اسکول پیشکشیں

- اگر آپ نے کنڈرگارٹن، خزاں 2026 کے لیے آخری تاریخ 23 جنوری، 2026 تک درخواست دے دی ہے تو آپ کو اپنے بچے کے لیے کنڈرگارٹن کی پیشکش **31 مارچ، 2026** کو موصول ہوگی۔ اہل خانہ کو چاہیے کہ خزاں کے لیے اپنے نشست کو محفوظ کرنے کے لیے اپنی پیشکشیں 1 مئی تک قبول کر لیں۔
- اگر آپ نے مڈل اسکول، خزاں 2026 کے لیے آخری تاریخ 12 دسمبر، 2025 تک درخواست دے دی ہے تو آپ کو اپنے بچے کے لیے مڈل اسکول کی پیشکش **9 اپریل، 2025** کو ملے گی۔

جب آپ کے بچے کے لیے منتظرین کی فہرست سے (اگر قابل اطلاق ہو) کوئی پیشکش دستیاب ہوگی آپ کو اگلے اقدامات کے بارے میں معلومات کے لیے مائی اسکولز پر ایک ای میل موصول ہوگی۔ یہ جاننے کے لیے کہ پیشکشیں کیسے دی جاتی ہیں، **schools.nyc.gov/MS** اور **schools.nyc.gov/K** پر جائیں۔

NYC 2026 اسکول سروے

NYC School Survey مکمل کرنے کی آخری تاریخ **17 اپریل،** 2026 تک بڑھا دی گئی ہے! NYCPS کے گریڈز 6-12 کے طلباء اور خاندان اپنے راز دارانہ تبصرے براہِ راست بھیج سکتے ہیں ان سے ہمیں اپنے اسکولوں کو اگلے سال کے لیے اور مستقبل میں بہتری لانے میں مدد ملتی ہے۔ آج ہی اپنا سروے ڈاک کے ذریعے یا آن لائن 13 دستیاب زبانوں میں ایک میں یہاں **NYCSchoolSurvey.org** جمع کروائیں۔

نیا خودکار لسانی معاون

اپنے بچے کے اسکول سے گفت و شنید اب مزید آسانی ہو گئی ہے! NYCPS کے تمام عملے کی اب Hello! تک رسائی ہو گئی ہے، ایک ڈیجیٹل ٹول جو NYCPS کے خاندان کے لیے روزمرّہ کی گفتگو کی اہم غیر انگریزی زبانوں میں اسی وقت، خودکار ترجمہ اور ترجمانی کرتا ہے۔ Hello! طے کردہ ملاقاتوں کے لیے اہم مراسلات کی باضابطہ ترجمانی کا بدل نہیں ہے؛ ان خدمات کی درخواست کرنے کے لیے، برائے مہربانی اپنے اسکول سے بات کریں۔

اپریل تقریبات اور یاد دہانیاں

- اسکول **2 سے 10 فروری، 2026** تک وسط موسمِ سرما کی تعطیلات کے لیے بند رہیں گے۔
- ہمارا اگلا موسمیاتی عمل کا دن **22 فروری ہے!** وسائل اور سرگرمیاں تلاش کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/ClimateAction** پر جائیں۔
- اپریل اور مئی میں آنے والے NY ریاستی امتحانات کے نظام الاوقات یہاں **schools.nyc.gov/TestCalendar** پر ملاحظہ کریں۔